23

حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اور طالوت و جالوت

تاریخ انبیاء

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تاریخ انبیاءؑ

جلد۔۲۳

تحریر **حیدر رضا** ولد **ابو جعفر** (مرحوم)

رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ ﴿٤١﴾

ترجمہ، اے پروردگار حساب (کتاب) کے دن مجھ کو اور میرے ماں باپ کو
اور مومنوں کی مغفرت کیجیو۔ (سورۃ ابراہیم۔ ۴۱)

برائے مہربانی ایک سورۃ فاتحہ پڑھ کر تمام مرحوم مومنین و مومنات، مسلمین و مسلمات، شہدا، لاوارث مرحومین، میرے تمام آباؤ واجداد اور بالخصوص نیچے دیئے ہوئے ناموں کی روح کو ایصال فرمائیں، شکریہ

ابو جعفر ولد علی محمد

کنیز سیدہ بنت علی سجاد

حسن جعفر ولد ابو جعفر

اشرف علی ولد محمد علی

محمد شبیر ولد غلام اکبر

بلقیس بانو بنت علی محمد

وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُل رَّبِّ ارْحَمْهُمَا
كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا ﴿٢٤﴾

ترجمہ، اور عجز و نیاز سے ان کے آگے جھکے رہو اور ان کے حق میں دعا کرو کہ اے پروردگار جیسا انھوں نے مجھے بچپن میں (شفقت سے) پرورش کیا ہے تو بھی ان (کے حال) پر رحمت فرما۔ (بنی اسرائیل ۲۴)

"شجرِ طیبہ اور شجرِ خبیثہ"

سال تحریر اور تاریخِ مکمل : ۲۰۲۲۔فروری، ۲۰۲۴

"صراطِ مُستقیم"

سال تحریر اور تاریخِ مکمل : ۲۰۱۹۔اپریل، ۲۰۲۴

"تاریخ انبیاؑء"

سال تحریر اور تاریخِ مکمل : ۲۰۱۴۔جولائی، ۲۰۲۰

"حق و باطل کے راستے"

ایڈیشن : اوّل

سال تحریر اور تاریخِ مکمل : ستمبر۔۲۰۰۷

"اللہ کا شعور حاصل کیجیے"

سال تحریر اور تاریخِ مکمل : ستمبر۔۲۰۰۹

ایڈیشن : اوّل

سال طبع : مارچ۔۲۰۱۰

مطبع : سندھیکا پرنٹرز

انگلش ترجمہ اور ویب ڈیزائن

ترجمہ اور ڈیزائن : عارف رضا۔ہانی رضا۔محمد رضا

ویب سائٹ : https://yk-shia.com/books
https://play.google.com/store/books/author?id=Hyder+Raza

نمبر شمار	عنوان	جلد نمبر
۱	**تقریظ**	
۲	**انبیاءؑ** کی تعداد اور اُن کے **اُوصیاء**	**جلد۔۱**
۳	**صفات و معجزات، صحف انبیاءؑ** اور اُن کی تعداد	**جلد۔۱**
۴	**اُولوالعزم** کے معنی، **انبیائے اُولوالعزم** اور اُن کی تعداد	**جلد۔۱**
۵	**نبی و رُسولؐ** کے معنی اور عصمت انبیاءؑ	**جلد۔۱**
۶	حضرت **آدم** علیہ السّلام اور بی بی **حوّا** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۲**
۷	حضرت **ہابیل** علیہ السّلام اور قابیل کے حالات	**جلد۔۳**
۸	حضرت **شیث** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۴**
۹	حضرت **ادریس** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۵**
۱۰	حضرت **نوح** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۶**
۱۱	حضرت **ہود** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۷**
۱۲	حضرت **صالح** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۸**
۱۳	حضرت **ابراھیم** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۹**
۱۴	حضرت **اسمٰعیل و اسحٰق** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۱۰**
۱۵	حضرت **لُوط** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۱۱**
۱۶	حضرت **ذوالقرنین** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۱۲**
۱۷	حضرت **یعقوب** اور **یوسف** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۱۳**
۱۸	حضرت **ایّوب** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۱۴**
۱۹	حضرت **شعیب** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۱۵**
۲۰	حضرت **موسٰی** اور **ہارون** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۱۶**
۲۱	حضرت **موسٰی** اور **خضر** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۱۷**
۲۲	حضرت **حزقیل** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۱۸**
۲۳	حضرت **الیاسؑ، الیسعؑ** اور **الیا** علیہ السّلام کے حالات	**جلد۔۱۹**

جلد نمبر	عنوان	نمبر شمار
جلد۔۲۰	حضرت اسمٰعیل بن حزقیل علیہ السّلام کے حالات	۲۴
جلد۔۲۱	حضرت ذوالکفل علیہ السّلام کے حالات	۲۵
جلد۔۲۲	حضرت لقمان علیہ السّلام کے حالات	۲۶
جلد۔۲۳	حضرت اسمٰعیل علیہ السّلام اور طالوت وجالوت کے حالات	۲۷
جلد۔۲۴	حضرت داؤد علیہ السّلام کے حالات	۲۸
جلد۔۲۵	اصحاب سبت کے حالات	۲۹
جلد۔۲۶	حضرت سلیمان علیہ السّلام کے حالات	۳۰
جلد۔۲۷	قوم سبا اور اہل ثرثار کے حالات	۳۱
جلد۔۲۸	ہاروت وماروت کے حالات	۳۲
جلد۔۲۹	حنظلہ اور اصحاب رس کے حالات	۳۲
جلد۔۳۰	حضرت شعیا اور حضرت حیقوق علیہ السّلام کے حالات	۳۳
جلد۔۳۱	حضرت زکرّیا و یحییٰ علیہ السّلام کے حالات	۳۴
جلد۔۳۲	حضرت عیسےٰ اور بی بی مریم علیہ السّلام کے حالات	۳۵
جلد۔۳۳	حضرت ارمیاؑ، دانیالؑ اور عزیر علیہ السّلام کے حالات	۳۶
جلد۔۳۴	حضرت یونسؑ بن متی اور انکے پدر بزوگوار علیہ السّلام کے حالات	۳۷
جلد۔۳۵	اصحاب کہف ورقیم کے حالات	۳۸
جلد۔۳۶	اصحاب اخدود کے حالات	۳۹
جلد۔۳۷	حضرت جرجیس علیہ السّلام کے حالات	۴۰
جلد۔۳۸	حضرت خالد بن سنان علیہ السّلام کے حالات	۴۱
جلد۔۳۹	حضرت محمد مصطفٰی (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کے حالات	۴۲
جلد۔۴۰	اُن پیغمبروں کے حالات جن کے ناموں کی تصریح نہیں ہے	۴۳
جلد۔۴۱	بعض بادشاہان زمین کے حالات	۴۴
جلد۔۴۲	بنی اسرائیل اور ان کے علاوہ غیر پیغمبروں کے حالات نادرہ وعجیبہ	۴۵

تقریظ

الحمدللہ، پچھلی کتابوں کی طرح جیسے **"اللہ کا شعور حاصل کیجیے"**، **"حق و باطل کے راستے"**، **"صراطِ مستقیم"** اور **"شجرِ طیبہ شجرِ خبیثہ"** جیسی کامیاب کتابیں تحریر کرنے کے بعد، عوام کی حوصلہ افزائی اور اللہ تعالیٰ کی توفیقات سے ایک اور کاوش **"تاریخ انبیاؑء"** جو کے **"۴۲ جلدوں"** پر مشتمل ہیں حاضر خدمت ہے۔ اس کتاب میں تمام واقعات علامہ محمّد باقر مجلسی علیہ الرحمہ کی کتاب "حیات القلوب" سے لیے گئے ہیں۔ میں نے صرف اتنی کوشش کی ہے کہ انبیاؑء اکرام کی زندگی کے احوال جو کہ قرآن میں بھی بیان ہو چکے ہیں ان کو اور علامہ کی کتاب کے واقعات کو ایک جگہ کیا جائے، ساتھ ہی یہ بھی کوشش کی ہے کہ ان واقعات کو انتہائی مختصر اور آسان لفظوں میں بیان کیا جائے تاکہ اس کتاب سے ہر طبقۂ فکر اور ہر عمر کے لوگ بالخصوص بچے بھی مستفید ہو سکیں اور انبیاؑء کی زندگی سے نصیحت حاصل کر سکیں۔ اگر کسی کو ان واقعے کی مکمل تفصیل یا کسی واقعہ کا حوالہ مقصود ہو، تو علامہ کی کتاب حیات القلوب سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

اس کتاب میں یہ بھی کوشش کی گئی ہے کہ تاریخ انبیاؑء اور ان کے احوال زندگی کو اس طرح بیان کیا جائے کہ ایک عام شخص تمام انبیاؑء کے بارے میں باخوبی جان سکے اور ساتھ ہی یہ بھی جان لے کہ اللہ تعالیٰ کے منتخب نمائندوں نے اعلیٰ مقام اور فضیلت رکھنے کہ باوجود کس کس طرح کے امتحانات کا سامنا کیا، اور کم و بیش تمام انبیاء نے سخت امتحان دیے اور ان پر صبر کیا۔ اس کتاب سے یہ بھی سبق حاصل کیا جا سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ صرف اپنے نیک بندوں کو ہی امتحانات میں مبتلا کرتا ہے، جب کوئی ان امتحانات پر صبر سے کام لیتا ہے تو کامیابی اس کا مقدر بنتی ہے، اور پھر اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو کامیابی سے نواز کر اعلیٰ مقام پر فائز کرتا ہے۔ انشاءاللہ، یہ کتاب بھی میری پچھلی کتابوں کی طرح آپ کے لیے مفید ثابت ہو گی اور آپ کے علم و یقین میں بھی اضافے کا باعث بنے گی۔ اس کوشش میں اگر میری طرف سے کسی قسم کی کوئی غلطی ہوئی ہو تو میں اپنے اللہ سے معافی کا طلبگار ہوتے ہوئے آپ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ مجھے ضرور اطلاع کریں، میں آپ کا شکر گزار ہونگا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح راستے پر قائم رکھے اور دین کی صحیح معرفت عطا فرما کر عمل کی توفق فرمائیں، آمین

تحریر: حیدر رضا ولد ابو جعفر (مرحوم)

رابطہ ای میل: hyderraza@yahoo.com

حوالے: قرآن کا اردو ترجمہ یہاں سے لیے گئے ہیں: http://cityislam.com/quran.htm

وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ ؕ وَيَعْقُوْبَ
نَافِلَةً ؕ وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَاۤ اِلَيْهِمْ فِعْلَ
الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ﴿۷۳﴾ وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّ
نَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ﴿۷۴﴾ وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ
رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۷۵﴾ وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ
مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ
فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ
وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ﴿۷۸﴾ فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ؗ وَّسَخَّرْنَا مَعَ
دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ؕ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۷۹﴾ وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ
مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖۤ اِلَى الْاَرْضِ
الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ
عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۲﴾ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ
الرّٰحِمِيْنَ ﴿۸۳﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ
عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَ
اَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ
نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾
فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾ وَزَكَرِيَّاۤ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ
رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ؗ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ
زَوْجَهٗ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿۹۰﴾
وَالَّتِيْۤ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَاۤ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۱﴾ اِنَّ هٰذِهٖۤ
اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۹۲﴾

ترجمہ، شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اور ابراہیم اور لوط کو اس سرزمین کی طرف بچا نکالا جس میں ہم نے اہل عالم کے لئے برکت رکھی تھی ﴿۷۱﴾ اور ہم
نے ابراہیم کو اسحق عطا کئے۔ اور مستزاد برآں یعقوب۔ اور سب کو نیک بخت کیا ﴿۷۲﴾ اور ان کو پیشوا بنایا کہ ہمارے
حکم سے ہدایت کرتے تھے اور ان کو نیک کام کرنے اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کا حکم بھیجا۔ اور وہ ہماری عبادت کیا
کرتے تھے ﴿۷۳﴾ اور لوط جب ان کو ہم نے حکم (یعنی حکمت و نبوت) اور علم بخشا اور اس بستی سے جہاں کے لوگ
گندے کام کیا کرتے تھے۔ بچا نکالا۔ بے شک وہ برے اور بدکردار لوگ تھے ﴿۷۴﴾ اور انہیں اپنی رحمت کے (محل
میں) داخل کیا۔ کچھ شک نہیں کہ وہ نیک بختوں میں تھے ﴿۷۵﴾ اور نوح جب (اس سے) پیشتر انہوں نے ہم کو پکارا
تو ہم نے ان کی دعا قبول فرمائی اور ان کو اور ان کے ساتھیوں کو بڑی گھبراہٹ سے نجات دی ﴿۷۶﴾ اور جو لوگ
ہماری آیتوں کی تکذیب کرتے تھے ان پر نصرت بخشی۔ وہ بے شک برے لوگ تھے سو ہم نے ان سب کو غرق کردیا
﴿۷۷﴾ اور داؤد اور سلیمان جب وہ ایک کھیتی کا مقدمہ فیصلہ کرنے لگے جس میں کچھ لوگوں کی بکریاں رات کو چر گئی
(اور اسے روند گئی) تھیں اور ہم ان کے فیصلے کے وقت موجود تھے ﴿۷۸﴾ تو ہم نے فیصلہ سلیمان کو سمجھا دیا۔ اور ہم
نے دونوں کو حکم (یعنی حکمت و نبوت) اور علم بخشا تھا۔ اور ہم نے پہاڑوں کو داؤد کا مسخر کردیا تھا کہ ان کے ساتھ تسبیح
کرتے تھے اور جانوروں کو بھی (مسخر کردیا تھا اور ہم ہی ایسا) کرنے والے تھے ﴿۷۹﴾ اور ہم نے تمہارے لئے ان کو
ایک (طرح) کا لباس بنانا بھی سکھا دیا تاکہ تم کو لڑائی (کے ضرر) سے بچائے۔ پس تم کو شکر گزار ہونا چاہیئے ﴿۸۰﴾ اور
ہم نے تیز ہوا سلیمان کے تابع (فرمان) کردی تھی جو ان کے حکم سے اس ملک میں چلتی تھی جس میں ہم نے برکت
دی تھی (یعنی شام) اور ہم ہر چیز سے خبردار ہیں ﴿۸۱﴾ اور دیوؤں (کی جماعت کو بھی ان کے تابع کردیا تھا کہ ان) میں
سے بعض ان کے لئے غوطے مارتے تھے اور اس کے سوا اور کام بھی کرتے تھے اور ہم ان کے نگہبان تھے ﴿۸۲﴾ اور
ایوب کو جب انہوں نے اپنے پروردگار سے دعا کی کہ مجھے ایذا ہو رہی ہے اور تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے
﴿۸۳﴾ تو ہم نے ان کی دعا قبول کرلی اور جو ان کو تکلیف تھی وہ دور کردی اور ان کو بال بچے بھی عطا فرمائے اور اپنی
مہربانی کے ساتھ اتنے ہی اور (بخشے) اور عبادت کرنے والوں کے لئے (یہ) نصیحت ہے ﴿۸۴﴾ اور اسمٰعیل اور
ادریس اور ذوالکفل یہ سب صبر کرنے والے تھے ﴿۸۵﴾ اور ہم نے ان کو اپنی رحمت میں داخل کیا۔ بلاشبہ وہ نیکوکار
تھے ﴿۸۶﴾ اور ذوالنون جب وہ (اپنی قوم سے ناراض ہو کر) غصے کی حالت میں چل دیئے اور خیال کیا کہ ہم ان پر
قابو نہیں پا سکیں گے۔ آخر اندھیرے میں پکارنے لگے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پاک ہے (اور) بے شک میں
قصوروار ہوں ﴿۸۷﴾ تو ہم نے ان کی دعا قبول کرلی اور ان کو غم سے نجات بخشی۔ اور ایمان والوں کو ہم اسی طرح
نجات دیا کرتے ہیں ﴿۸۸﴾ اور زکریا جب انہوں نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ پروردگار مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب
سے بہتر وارث ہے ﴿۸۹﴾ تو ہم نے ان کی پکار سن لی۔ اور ان کو یحییٰ بخشے اور ان کی بیوی کو اُن کے (حسن معاشرت
کے) قابل بنا دیا۔ یہ لوگ لپک لپک کر نیکیاں کرتے اور ہمیں امید سے پکارتے اور ہمارے آگے عاجزی کیا کرتے تھے
﴿۹۰﴾ اور ان (مریم) کو جنہوں نے اپنی عفت کو محفوظ رکھا۔ تو ہم نے ان میں اپنی روح پھونک دی اور ان کے بیٹے کو
اہل عالم کے لئے نشانی بنا دیا ﴿۹۱﴾ یہ تمہاری جماعت ایک ہی جماعت ہے اور میں تمہارا پروردگار ہوں تو میری ہی
عبادت کیا کرو ﴿۹۲﴾

حضرت اسمٰعیل اور طالوت و جالوت کے حالات

روایت ہے کہ حضرت موسیٰؑ کے بعد بنی اسرائیل نے بے حد گناہ کئے اور دین خدا میں تغیر پیدا کر دیا اور خدا کے حکم سے سرتابی کی اور اپنے پیغمبر کی جو اُن کو امر و نہی کرتا تھا اطاعت نہ کی تو خداوند عالم اُن پر غضبناک ہوا اور اُس نے جالوت کو جو قبطی بادشاہوں میں سے تھا اُن پر مسلط کیا۔ جب جالوت بنی اسرائیل پر غالب ہوا اور اُس نے بنی اسرائیل کے لوگوں کو ذلیل کیا اور مردوں کو قتل کیا اور ان کو ان کے گھروں سے نکال دیا۔ ان کی عورتوں کو کنیز بنایا، ان کے مال و اسباب چھین لئے۔ تب وہ لوگ خدا کے رسول کے پاس پناہ لے گئے اور فریاد کی کہ خدا سے سوال کریں کہ وہ ایک بادشاہ ہمارے لئے بنا دے جس کے ساتھ ہم کافروں سے راہ خدا میں جہاد کریں۔ بنی اسرائیل میں پیغمبری اور بادشاہی الگ الگ تھی خدا نے حضرت داؤدؑ کے زمانہ میں دونوں کو ایک ذات میں جمع فرما دیا۔ بادشاہ وہ ہوتا تھا جو لشکر کے ساتھ جہاد کرتا اور پیغمبر اُس کے معاملات کا انتظام کرنے والا ہوتا اور خدا کی جانب سے خبریں اس کو پہنچاتا۔ اسی لئے بنی اسرائیل نے جالوت کے زمانہ میں اپنے پیغمبر سے ایک بادشاہ کی خواہش کی انہوں نے ارشاد فرمایا کہ تم لوگوں میں وفا، سچائی اور جہاد کی رغبت نہیں ہے۔ ان لوگوں نے عرض کی ہم جہاد کیوں نہ کریں گے جبکہ ان (ظالموں) نے ہم کو ہمارے گھروں سے نکال دیا اور ہم کو ہمارے اہل و عیال سے جدا

ترجمہ، بھلا تم نے بنی اسرائیل کی ایک جماعت کو نہیں دیکھا جس نے موسیٰ کے بعد اپنے پیغمبر سے کہا کہ آپ ہمارے لئے ایک بادشاہ مقرر کر دیں تاکہ ہم خدا کی راہ میں جہاد کریں۔ پیغمبر نے کہا کہ اگر تم کو جہاد کا حکم دیا جائے تو عجب نہیں کہ لڑنے سے پہلو تہی کرو۔ وہ کہنے لگے کہ ہم راہ خدا میں کیوں نہ لڑیں گے جب کہ ہم وطن سے (خارج) اور بال بچوں سے جدا کر دیئے گئے۔ لیکن جب ان کو جہاد کا حکم دیا گیا تو چند اشخاص کے سوا سب پھر گئے۔ اور خدا ظالموں سے خوب واقف ہے

سورۃ البقرۃ ﴿٢٤٦﴾

کر دیا ہے تو خداوند عالم نے طالوت کو ان کا بادشاہ مقرر کیا تب وہ کہنے لگے۔ کہ طالوت ایسا مرتبہ کہاں رکھتا ہے کہ ہمارا بادشاہ بنے۔ وہ نہ پیغمبروں کے خاندان سے ہے نہ بادشاہی خاندان سے اور پیغمبر لاوی کے خاندان سے اور بادشاہ یہودا کے خاندان سے ہوا کرتا ہے اور وہ بنیامین کی اولاد سے ہے۔ پیغمبر نے فرمایا خدا نے اس کو جسم و شجاعت و دانائی عطا فرمائی ہے۔ اور بادشاہی خدا کے اختیار میں ہے وہ جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے تم لوگوں کو لازم نہیں ہے کہ جس کو خدا مقرر فرمائے تم اس کو رد کرو۔ اور اُس کی بادشاہی کی نشانی یہ ہے کہ وہ تابوت جو ایک مدت سے تمہارے ہاتھ سے جاتا رہا ہے۔ فرشتے اس کو تمہارے واسطے لے آویں گے اور تم ہمیشہ تابوت کی برکت سے لشکروں کو شکست دو گے۔ تب وہ بولے کہ اگر تابوت آجائے تو ہم راضی ہیں اور اس کی اطاعت کریں گے۔ تابوت میں الواح حضرت موسیٰؑ کے ٹکڑے تھے جن میں وہ علوم درج تھے جو حضرت موسیٰؑ پر آسمان سے نازل ہوئے تھے۔ (حضرت امام باقرؑ سے روایت ہے کہ پیغمبری فرزندان لاوی میں تھی اور بادشاہی اولاد یوسفؑ میں اور طالوت بنیامین کے فرزندوں میں سے تھے جو حضرت یوسفؑ کے حقیقی بھائی تھے اور وہ نہ پیغمبر کے خاندان سے تھے نہ باشاہوں کے خاندان سے)۔ مولف فرماتے ہیں کہ اُس زمانہ کے پیغمبر کے بارے میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ شمعونؑ بن صفیہ تھے جو فرزندانِ لاوی سے تھے۔ بعضوں کا قول ہے کہ لوشعؑ تھے اور اکثر لوگوں نے کہا ہے کہ شموئیل تھے جس کا ترجمہ عربی زبان میں اسمٰعیل ہے مگر ایک اور روایت میں ہے کہ اوسیا تھے۔

غرض اُن کے نبی نے کہا کہ خدا نے اُس کو تم پر فضیلت دی ہے اور علم و جسم میں تم سے

ترجمہ، اور پیغمبر نے ان سے (یہ بھی) کہا کہ خدا نے تم پر طالوت کو بادشاہ مقرر فرمایا ہے۔ وہ بولے کہ اسے ہم پر بادشاہی کا حق کیونکر ہو سکتا ہے بادشاہی کے مستحق تو ہم ہیں اور اس کے پاس تو بہت سی دولت بھی نہیں۔ پیغمبر نے کہا کہ خدا نے اس کو تم پر فضیلت دی ہے اور (بادشاہی کے لئے) منتخب فرمایا ہے اس نے اسے علم بھی بہت سا بخشا ہے اور تن و توش بھی (بڑا عطا کیا ہے) اور خدا (کو اختیار ہے) جسے چاہے بادشاہی بخشے۔ وہ بڑا کشائش والا اور دانا ہے ﴿۲۴۷﴾ سورۃ البقرۃ

زیادہ اس کو کشادگی عطا فرمائی ہے اور خدا جس کو چاہتا ہے اپنا ملک دیتا ہے اور خدا بڑی گنجائش والا اور واقف کار ہے۔ طالوت جسمانی لحاظ سے بہتر شجاع اور قوی تھے اور سب سے زیادہ عقلمند تھے لیکن مال و دولت نہ رکھتے تھے اس لئے ان لوگوں نے ان کو ذلیل سمجھا اور کہا کہ خدا نے اس کو مال میں وسعت نہیں عطا کی ہے۔ اُن کے پیغمبر نے اُن سے کہا کہ اُس کی بادشاہی کی خدا کی طرف سے یہ شناخت ہے کہ تمہارے پاس وہ صندوق آجائے گا جس میں تمہارے پروردگار کی طرف سے تسکین دینے والی چیزیں اور اُن تبرکات کا باقیماندہ ہوگا جو موسیٰؑ و ہارونؑ کی اولاد یادگار چھوڑ گئی اور اس صندوق کو فرشتے اُٹھائے ہوں گے اور تمہارے پاس لائیں گے۔ اگر تم ایمان رکھتے ہو تو بیشک تمہارے واسطے پوری نشانی ہے۔ پھر ملائکہ تابوت لائے اور جب تابوت اُن کے اور اُن کے دشمنوں کے درمیان رکھ دیا گیا۔ تو جو شخص تابوت سے پھر جاتا کافر ہو جاتا۔ جو تابوت حق تعالیٰ نے موسیٰؑ کے لئے آسمان سے بھیجا تھا اور مادر موسیٰؑ نے اُن کو اُس میں رکھ کر دریا میں ڈالا تھا یہ وہی تابوت (صندوق) بنی اسرائیل کے پاس تھا۔ یہ صندوق تین ہاتھ (لانبا اور) دو ہاتھ (چوڑا) تھا اور حضرت موسیٰؑ کا عصا اور سکینہ بھی اُس میں تھی اور جب وہ لوگ کسی چیز کے بارے میں اختلاف کرتے تھے تو سکینہ اُن سے باتیں کرتی اور ان لوگوں کو اُس سے آگاہ کرتی جو وہ چاہتے۔ اُس سے وہ لوگ برکت حاصل کیا کرتے تھے۔ جب حضرت موسیٰؑ کی وفات کا وقت آیا تو اپنی زرہ، الواح توریت اور جو کچھ اُن کے آثار پیغمبری وغیرہ سے تھا سب اُس میں رکھ کر آپ نے اپنے وصی یوشعؑ کو سپرد فرمایا تھا۔ جب حضرت یوشعؑ نے دار بقا کی جانب رحلت فرمائی اور آپ کے اوصیا اور ائمہ اور پیشواؤں میں اپنے اپنے زمانہ کے ظالموں سے جو حضرت یوشعؑ کے بعد سے حضرت داؤدؑ کے زمانہ

ترجمہ، اور پیغمبر نے ان سے کہا کہ ان کی بادشاہی کی نشانی یہ ہے کہ تمہارے پاس ایک صندوق آئے گا جس کو فرشتے اٹھائے ہوئے ہوں گے اس میں تمہارے پروردگار کی طرف سے تسلی (بخشنے والی چیز) ہوگی اور کچھ اور چیزیں بھی ہوں گی جو موسیٰ اور ہارون چھوڑ گئے تھے۔ اگر تم ایمان رکھتے ہو تو یہ تمہارے لئے ایک بڑی نشانی ہے ﴿۲۴۸﴾ سورۃ البقرۃ

تک ہوئے خوفزدہ ہو کر چار سو سال تک پوشیدہ رہے اور اس مدّت میں پندرہ امام ہوئے اور ہر ایک کے زمانہ میں اُن کے ماننے والے پوشیدہ طور پر آ کر اُن سے مسائل دین حاصل کرتے جب اُن کے آخری امام کا زمانہ منتہی ہوا تو وہ ظاہر ہوئے اور اُن لوگوں کو بشارت دی کہ حضرت داؤدؑ عنقریب مبعوث ہوں گے اور تم لوگوں کو ظالموں کے شر سے نجات دیں گے اور زمین کو جالوت اور اُس کے لشکر سے پاک کریں گے اور تم لوگوں کو اس تکلیف و مصیبت سے نجات دیں گے۔ غرض وہ تابوت ہمیشہ بنی اسرائیل میں موجود تھا۔ یہاں تک اُس کا احترام کرنا ان لوگوں نے ترک کر دیا اور بے حرمتی کرنے لگے کہ بچے راستوں میں تابوت سے کھیلتے۔ جب تک وہ تابوت بنی اسرائیل کے پاس تھا وہ باعزت و حرمت زندگی گذارتے رہے۔ جب ان لوگوں نے گناہ بہت کیا اور تابوت کی بے حرمتی کرنے لگے تو خدا نے اُس تابوت کو اُن کے درمیان سے اُٹھا لیا اور اب بادشاہی طالوت کے وقت اس تابوت کو اُن کے لئے ظاہر فرمایا اور ملائکہ تابوت کو نبی اسرائیل کے پاس لائے۔ دوسری روایت ہے کہ ملائکہ تابوت کو گائے کی صورت میں بنی اسرائیل کے پاس لائے اور تابوت کو بنی اسرائیل نے مسلمانوں اور کافروں کی صف کے درمیان چھوڑ دیا تھا۔ اُس میں سے ایک خوشبودار ہوا نکلی اور آدمی کی شکل میں ظاہر ہوئی جس کو دیکھ کر کفار بھاگ گئے۔ منقول ہے کہ سکینہ ایک ہوا ہے جو بہشت سے آئی تھی جس کا چہرہ آدمی کی طرح تھا۔ جب اس تابوت کو مسلمان اور کافرون کے درمیان رکھ دیتے تھے تو جو تابوت سے آگے ہو جاتا تھا تو وہ قتل ہو جاتا تھا یا مغلوب ہوتا تھا اور جو تابوت سے برگشتہ ہوتا اور بھاگتا وہ کافر ہو جاتا اور امام اس کو قتل کر ڈالتا۔ سکینہ ایک نہایت عمدہ خوشبو رکھتی تھی اور یہ وہی تھی جو حضرت ابراہیمؑ پر اُس وقت نازل ہوئی جب وہ خانہ کعبہ (کی دیواریں) تعمیر کر رہے تھے۔ وہ سکینہ خانہ کعبہ کے بتوں کی جگہ پر حرکت کرتی جاتی تھی اور ابراہیمؑ کعبہ کی بنیاد اُس کے پیچھے پیچھے (اسی جگہ پر) رکھتے جاتے تھے۔ اور یہی سکینہ درمیان تابوت بنی اسرائیل تھی۔ اور وہ طشت بھی تابوت میں تھا۔ جس میں

پیغمبروں کے قلوب دھوئے گئے تھے۔ بنی اسرائیل میں یہ رسم تھی کہ تابوت آنحضرت کی تلوار و دیگر اسلحے ہیں یہ چیزیں جس جگہ ہوں گی وہیں امامت ہو گی۔

(بعضوں نے کہا ہے کہ جب بنی اسرائیل نے بہت زیادہ اعمال بد کئے تو حق تعالیٰ نے قوم عمالقہ کو اُن پر مسلط کیا۔ جنہوں نے اُن کے ہاتھ سے تابوت چھین لیا اُنہی کے پاس تابوت رہا یہان تک کہ ملائکہ اُس تابوت کو اُن کے درمیان سے اُٹھالے گئے۔ پھر بنی اسرائیل کے واسطے لائے۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ جب عمالقہ کے لوگ تابوت کو لے گئے اور اپنے بت خانہ میں لے جا کر رکھا تو تمام بُت سرنگوں ہو گئے۔ پھر وہاں سے نکال کر شہر کے ایک کنارے پر رکھا تو اُن میں گلے کا درد اور طاعون پیدا ہو گیا۔ غرض جس جگہ اُن لوگوں نے اس تابوت کو رکھا کوئی نہ کوئی بلا اُن پر نازل ہوئی۔ آخر کار اس کو عراوہ میں رکھ کر دو بیلوں پر باندھ دیا اور شہر سے باہر نکال دیا۔ ملائکہ آئے اور اُن بیلوں کو ہنکا کر بنی اسرائیل کے پاس لائے۔ بعضوں کا قول یہ بھی ہے کہ یوشعؑ نے اس کو صحرائے تیہ میں رکھا تھا اور فرشتے وہاں سے لائے بعضوں نے کہا کہ تین ہاتھ لانبا اور دو ہاتھ چوڑا تھا۔ شمشاد کی لکڑی کا بنا ہوا تھا۔ اُس پر سونے کے پتّر چسپاں تھے اُس کو جنگ میں آگے رکھتے تھے۔ ایک آواز اس میں سے نکلتی۔ جب وہ تیز ہوتی تو لوگ جوش میں آگے بڑھتے اور جنگ کو فتح کر لیتے تھے اور جب اُس کی آواز بند ہو جاتی تھی یہ لوگ بھی لڑائی سے رُک جاتے تھے۔ یہ بھی مشہور ہے کہ طالوت کے ساتھ والے اسی ہزار اشخاص تھے بعضوں نے ستر ہزار کہا ہے اور جن لوگوں نے ایک گھونٹ سے زیادہ نہیں پیا تھے وہ تین سو تیرہ افراد تھے۔ اُن اصحاب رسولؐ کی عدد کے موافق جو جنگ بدر میں تھے اور وہ لوگ جنگ میں اُن کے ساتھ ثابت قدم رہے اور خدا کی نصرت و مدد پر ایمان رکھتے تھے اور جن لوگوں نے زیادہ پیا تھا وہ لوگ جہاد سے بھاگ گئے تھے۔ جناب امیرؑ کے خطبہ طالوتیہ اور دوسری تمام حدیثوں سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ جو لوگ ان کے ساتھ ثابت قدم رہ گئے تھے یہی تین سو تیرہ اصحاب تھے اور بعض حدیثوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ

اور جن لوگوں نے ایک چلو سے زیادہ پانی نہیں پیا تھا وہ ان لوگوں سے زیادہ تھے۔اس طرح مختلف حدیثوں کو جمع کیا جا سکتا ہے۔)

پس خدا نے اُن کے پیغمبر کو وحی کی کہ جالوت کو وہ شخص قتل کریگا جس کے جسم پر حضرت موسیٰؑ کی زرہ درست وٹھیک آجائے گی اور وہ فرزندانِ لاوی میں سے ہو گا۔اُس کا نام داؤدؑ ہو گا۔ پھر وہ لوگ ہمیشہ اُن حضرت کے ظہور کے منتظر رہتے یہاں تک کہ جب آپ کے ظہور کا زمانہ قریب آیا تو حضرت داؤدؑ چار بھائی تھے اور حضرت داؤدؑ سب بھائیوں سے چھوٹے تھے۔(ایک روایت کے مطابق آپ کے دس بھائی تھے اور آپ ان سب میں چھوٹے تھے)۔ حضرت داؤدؑ کے والد چرواہے تھے اور بوڑھے ہو چکے تھے۔اُن کے بھائی نہیں جانتے تھے کہ جس داؤد کے وہ لوگ منتظر ہیں اور جو جالوت اور اُس کے لشکر سے دنیا کو نجات دیں گے یہی داؤدؑ ہیں۔ آپ کے شیعہ علاوہ اُس امام کے جو پیشتر تھے یہ جانتے تھے کہ حضرت داؤدؑ پیدا ہو چکے ہیں اور حد کمال کو پہنچ چکے ہیں اور حضرت داؤدؑ کو دیکھتے تھے۔اُن سے گفتگو کرتے تھے۔ لیکن نہیں جانتے تھے کہ داؤدؑ موجود یہی ہیں۔ غرض جب طالوت نے بنی اسرائیل کو جالوت سے جنگ کے لئے جمع کیا۔ حضرت داؤدؑ کے پدر بزرگوار کو کہلا بھیجا کہ مع اپنے فرزندوں کے آئیں۔ لیکن بھائیوں نے حضرت داؤدؑ کو کمزور و حقیر سمجھ کر ساتھ نہ لیا اور کہا کہ اس سے سفر میں کیا کام ہو سکتا ہے۔اس کو

ترجمہ، غرض جب طالوت فوجیں لے کر روانہ ہوا تو اس نے (ان سے) کہا کہ خدا ایک نہر سے تمہاری آزمائش کرنے والا ہے۔ جو شخص اس میں سے پانی پی لے گا (اس کی نسبت تصور کیا جائے گا کہ) وہ میرا نہیں۔اور جو نہ پئے گا وہ (سمجھا جائے گا کہ) میرا ہے۔ہاں اگر کوئی ہاتھ سے چلو بھر پانی پی لے (تو خیر۔جب وہ لوگ نہر پر پہنچے) تو چند شخصوں کے سوا سب نے پانی پی لیا۔ پھر جب طالوت اور مومن لوگ جو اس کے ساتھ تھے نہر کے پار ہو گئے۔ تو کہنے لگے کہ آج ہم میں جالوت اور اس کے لشکر سے مقابلہ کرنے کی طاقت نہیں۔ جو لوگ یقین رکھتے تھے کہ ان کو خدا کے روبرو حاضر ہونا ہے وہ کہنے لگے کہ بسا اوقات تھوڑی سی جماعت نے خدا کے حکم سے بڑی جماعت پر فتح حاصل کی ہے اور خدا استقلال رکھنے والوں کے ساتھ ہے ﴿۲۴۹﴾

گوسفند چرانے میں مشغول رہنا چاہیے۔ تو طالوت کا لشکر جالوت کی سمت روانہ ہوا۔اُن کے پیغمبر نے فرمایا کہ اس بیابان میں تمہارے راستہ میں ایک نہر ظاہر ہو گی۔ پس جو شخص اس میں سے پیئے گا خدا کا اُس سے کوئی واسطہ نہیں اور جو نہ پیئے گا وہ خدا کا فرمانبردار ہو گا۔ جب وہ لوگ اُس نہر کے قریب پہنچے تو خدا نے اُن کے لئے تجویز کیا کہ ایک ایک چلو پانی پی لینے میں اُن پر الزام نہیں۔ مگر سوائے تھوڑے لوگوں کے سب نے خوب سیر ہو کر پیا اور جن لوگوں نے خوب سیر ہو کر پیا وہ ساٹھ ہزار اشخاص تھے اور یہ خدا کی طرف سے اُن کا ایک امتحان تھا۔ روایت کی ہے کہ وہ لوگ جنہوں نے ایک چلو پانی بھی نہیں پیا تھا تین سو تیرہ مرد تھے۔ اور جب نہر سے گذر گئے اور جالوت کے لشکروں کو ان لوگوں نے دیکھا اور اُس کی اور اس کے لشکر کی قوت وصولت مشاہدہ کی اُن لوگوں نے جنہوں نے پانی خوب پیا تھا کہا ہم آج تو جالوت اور اُس کے لشکر سے مقابلہ کی تاب نہیں رکھتے اور چند آدمیوں کے سوا سب نے روگردانی کی اور خدا ظالموں سے خوف واقف ہے۔ جیسا کہ خداوند عالم فرمایا ہے کہ "تو جب وہ لوگ اُس نہر سے گذرے (یعنی طالوت اور وہ لوگ) جو اُن کے ساتھ ایمان لائے تھے بولے کہ آج ہم کو جالوت اور اُس کے لشکر سے لڑنے کی طاقت نہیں ہے۔ اور اُن لوگوں نے کہا جو خدا اور روز قیامت پر یقین رکھتے تھے کہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ گروہ قلیل جماعت کثیر پر خدا کے حکم سے غالب آجاتا ہے اور خدا تو صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ اور جب وہ لوگ جالوت اور اُس کے لشکر سے مقابلہ کے لئے نکلے تو کہا پالنے والے تو ہم کو صبر کی توفیق عطا فرما اور جنگ میں ثابت قدم رکھ اور کافروں پر فتح عنایت فرما۔

غرضکہ بنی اسرائیل و جالوت کے درمیان جنگ شروع ہوئی۔ بنی اسرائیل بہت خائف

ترجمہ، اور جب وہ لوگ جالوت اور اس کے لشکر کے مقابل آئے تو (خدا سے) دعا کی کہ اے پروردگار ہم پر صبر کے دہانے کھول دے اور ہمیں (لڑائی میں) ثابت قدم رکھ اور (لشکر) کفار پر فتحیاب کر ﴿۲۵۰﴾ سورة البقرة

ہوئے اور اُن میں جنگ سے بددلی پھیلنے لگی۔ (اسی اثناء میں) پدر داؤدؑ گھر واپس ہوئے اور حضرت داؤدؑ کے ہاتھ اُن کے بھائیوں کے لئے کھانا بھیجا تاکہ دشمن کے ساتھ جہاد میں ان کو قوت ہو۔ حضرت داؤدؑ پستہ قد کبود چشم تھے جن کے بال کم تھے۔ نہایت پاک دل اور پاکیزہ اخلاق تھے حضرت داؤدؑ اس وقت روانہ ہوئے جبکہ دونوں لشکر ایک دوسرے کے مقابل پہنچ چکے تھے اور ہر ایک اپنی اپنی جگہ پر کھڑا ہو چکا تھا۔ اثنائے راہ میں تین پتھروں نے اُن کو آواز دی کہ اے داؤدؑ ہم کو اُٹھالو اور مجھ سے جالوت کو قتل کرو۔ کیونکہ میں اس کو قتل کرنے کے لئے پیدا کیا گیا ہوں۔ حضرت داؤدؑ نے اُن پتھروں کو اپنے توبڑہ میں رکھ لیا اور اپنے تھیلے میں رکھ لیا جس میں اپنے گوپھن کے پتھروں کو گوسفند چرانے کے سلسلہ میں رکھا کرتے تھے۔ حضرت داؤدؑ نہایت قوی، توانا اور شجاع تھے۔ جب بنی اسرائیل کے لشکر میں داخل ہوئے ان کو معلوم ہوا کہ ان لشکر والوں پر معاملۂ جالوت بہت سخت ہو گیا ہے۔ کہنے لگے اس کو کیا بڑا سخت سمجھتے ہو واللہ اگر میں اس کو دیکھوں تو فوراً قتل کر دوں۔ آپ کا یہ کلام لشکر میں مشہور ہوا۔ یہاں تک کہ طالوت نے بھی سُنا اور اُن حضرت کو بلایا اور کہا اے جوان تجھ میں کتنی طاقت ہے اور اپنی بہادری کا تجھ کو کیا تجربہ ہے کہ جالوت سے لڑنے کی جرات رکھتا ہے۔ فرمایا (ایک بار) شیر میرے گوسفند کے گلہ میں جھپٹ پڑا اور ایک گوسفند لے کر چلا۔ میں نے اُس کو پیچھا کیا اور اس کی گردن مروڑ کر اُس کے منہ سے گوسفند چھین لیا۔ خدا نے طالوت کو بذریعہ وحی اطلاع دی تھی کہ جس شخص کو تمہاری زرہ ٹھیک ہو جائے اس طرح کہ گویا اُسی کے جسم کے لئے بنی تھی تو وہی شخص جالوت کو قتل کرے گا۔ طالوت نے داؤدؑ کے تمام بھائیوں کو ایک ایک کر کے طلب کیا اور زرہ پہنائی مگر کسی

ترجمہ، تو طالوت کی فوج نے خدا کے حکم سے ان کو ہزیمت دی۔ اور داؤد نے جالوت کو قتل کر ڈالا۔ اور خدا نے اس کو بادشاہی اور دانائی بخشی اور جو کچھ چاہا سکھایا۔ اور خدا لوگوں کو ایک دوسرے (پر چڑھائی اور حملہ کرنے) سے ہٹاتا نہ رہتا تو ملک تباہ ہو جاتا لیکن خدا اہل عالم پر بڑا مہربان ہے ﴿۲۵۱﴾

سورۃ البقرۃ

کے جسم پر زرہ ٹھیک نہ اُتری۔ کسی کو بڑی ہوئی کسی کو چھوٹی۔ طالوت نے کسی کو بھیجکر حضرت داؤدؑ کو بُلایا اور اپنی زرہ داؤدؑ کو پہنچے کے لئے دیا۔ داؤدؑ نے زرہ پہنچی باوجودیکہ اُن کا جسم دُبلا پتلا تھا مگر زرہ اُن جسم پر درست اور ٹھیک ثابت ہوئی۔ تو طالوت اور بنی اسرائیل اُن سے خائف ہوئے اور اُن کے مرتبہ کی بلندی کو سمجھے طالوت نے کہا امید ہے کہ جالوت کو یہ جوان قتل کرے گا۔ دوسرے روز جب دونوں طرف سے لشکر مقابلہ پر آمادہ ہوئے داؤدؑ نے طالوت سے کہا کہ جالوت کو مجھے دکھادیجئے۔ (لوگوں نے) جالوت کو پہنچوایا۔ غرض جنگ شروع ہوئی تو حضرت داؤدؑ آکر جالوت کے مقابلہ پر کھڑے ہوگئے۔ وہ ایک ہاتھی پر سوار تھا اور سر پر تاج رکھے ہوئے تھا۔ اُس کی پیشانی پر ایک یاقوت تھا جس سے نور ساطع تھا اور لشکر اُس کے گرد صف باندھے ہوئے تھا۔ حضرت داؤدؑ نے اُن تین پتھروں میں سے جن کو راستہ میں اٹھایا تھا ایک پتھر نکالا اور گوپھن میں رکھ کر جالوت کے داہنے طرف والے لشکر پر پھینکا وہ پتھر ہوا میں بلند ہوا پھر اُس کے میمنہ پر آکر گرا۔ جس کو وہ پتھر لگتا تھا وہ فوراً فنا ہو جاتا یہاں تک کہ سب بھاگ کھڑے ہوئے۔ دوسرا پتھر اُس کے میسرۂ لشکر پر پھینکا اور اُس طرف کے لوگ بھی بھاگے اور تیسرا پتھر جالوت کی طرف پھینکا۔ وہ پتھر بلند ہو کر جالوت کی پیشانی کے یاقوت پر پڑا اور یاقوت میں سوارخ کرتا ہوا اُس کے مغز تک پہنچا اور جالوت زمین پر گر کر جہنم واصل ہوا۔ جیسا کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ خدا کے حکم سے ہزیمت دی ان لوگوں کو، اور داؤدؑ نے جالوت کو قتل کیا اور خدا نے اُن کو ملک و حکمت عطا کی۔ اور اس میں سے جو کچھ چاہا اُن کو تعلیم کیا اور اگر لوگوں سے خدا ان کے بعض (دشمنوں) کو نہ دفع کرتا تو یقیناً زمین میں فساد پھیل جاتا لیکن خدا عالم والوں پر صاحب فضل واحسان ہے۔ غرضکہ لشکر میں مشہور ہو گیا کہ داؤدؑ نے جالوت کو قتل کر دیا ان کو اُن لوگوں نے اپنا بادشاہ بنالیا۔ پھر اس کے بعد کسی نے طالوت کی فرمانبرداری نہ کی۔ بنی اسرائیل اُن کے پاس جمع ہوئے اور اُن کی اطاعت کی۔ پھر اس کے بعد کسی نے طالوت کی فرمانبرداری نہ کی۔ بنی اسرائیل اُن کے پاس جمع

ہوئے اور اُن کی اطاعت کی۔ خدا نے زبور اُن پر نازل کی اور زرہ بنانا اُن کا سکھایا اور لوہے کو اُن کے ہاتھ میں موم کے مانند نرم کر دیا۔ اور (خدا نے) طائروں کو پہاڑوں کو حکم دیا کہ اُن کے ساتھ تسبیح و تہلیل کیا کریں اور وہ لحن عطا فرمایا کہ اُن سے پہلے کسی نے ویسا لحن نہ سُنا تھا اور ان کو عبادت کی کمال طاقت عطا کی تھی۔ وہ بنی اسرائیل کے درمیان پیغمبری اور خلافت الٰہی کے ساتھ قائم رہے۔

یہ بھی جاننا چاہیے کہ اکثر مورخین و مفسرین عامہ نے طالوت کو خطا و کفر سے نسبت دی ہے اور کہا ہے کہ وہ جالوت کے قتل کے بعد حضرت داؤدؑ کے دشمن ہو گئے تھے اور اُن حضرت کو مار ڈالنے کا ارادہ رکھتے تھے اور بہت سی نامناسب باتوں کی آنحضرت کی طرف نسبت دینے لگے تھے۔ لیکن احادیث شیعہ سے یہ مزخرفات ظاہر نہیں ہوتے بلکہ آیات کے ظاہری معانی سے اور اکثر روایتوں سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ حق و صداقت پر قائم رہے اور غیر مشہور خطیبوں سے بعض لوگوں نے نقل کیا ہے کہ حضرت امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ میں اس امت کا طالوت ہوں۔ واضح ہو کہ یہ آیتیں دلیل ہیں اس پر کہ امیر المومنین علیؑ اُن لوگوں سے زیادہ خلافت و امامت کے حقدار ہیں جن لوگوں نے کہ آپ کی خلافت کو غصّب کیا اس لئے کہ یہ آیتیں صریح اس بات کی دلیل ہیں کہ بادشاہی و ریاست خدا کے لئے شجاعت و علم کی زیادتی ضروری ہے اور باتفاق تمام امت، جناب امیرؑ تمام صحابہ سے بہت زیادہ شجاع اور بہت زیادہ عالم تھے۔ اس امر میں کسی کو اختلاف نہیں ہے اس لئے وہ خلافت و امامت کے زیادہ مستحق تھے۔ ان لوگوں سے جو اکثر جہاد سے بھاگتے رہے اور اکثر مقدمات میں اپنی جہالت کا اظہار کرتے رہے اور حضرت علیؑ کی جانب رجوع کرتے رہے۔ ایک روایت کے مطابق داؤدؑ مسجد سہلہ سے جالوت کی جنگ کو متوجہ ہوئے۔ ایک اور روایت کے مطابق آخر ماہ کے چہار شنبہ کی نحوست کے بارے میں منقول ہے کہ اسی روز قوم عمالقہ نے بنی اسرائیل سے تابوت حاصل کیا تھا۔

(نوٹ: بقیہ انبیاء کے حالات زندگی اگلی جلدوں میں ملاحظہ فرمائیں۔)

برائے مہربانی ایک سورۃ فاتحہ پڑھ کر ابو جعفر ولد علی محمد، کنیز سیدہ بنت علی سجاد، حسن جعفر ولد ابو جعفر اور تمام مومنین و مومنات، مسلمین و مسلمات، شہداء ملت، لاوارث مرحومین خصوصاً میرے اباؤ واجداد کی روح کو بخش دیں۔ شکریہ

page is left blank intentionally